# داخلہ کا نوٹ

## خدمات کی فراہمی

رتن جی ہسپتال (RH)

**کلینیکل خدمات**

- 24 گھنٹہ حادثہ اور ہنگامی خدمات
- اینستھیزیالوجی، پیری آپریٹو اور درد کی طب
- انتہائی نگہداشت کا یونٹ
- میڈیسن اور جیریاٹرکس
- آرتھوپیڈکس اور ٹراماٹولوجی
- کان، ناک اور گلے کی سرجری
- پیلیٹیو نگہداشت
- پیتھالوجی
- ریڈیالوجی
- سرجری

**الائیڈ ہیلتھ سروسز**

- کلینیکل سائیکالوجی
- ڈائیٹیٹکس
- طبی سماجی سروس
- پیشہ ورانہ تھراپی
- فارمیسی
- فزیو تھراپی
- اِمراضِیات
- پروستھیٹک اروتھوٹکس
- اسپیچ تھراپی

**دیگر خدمات**

- یکجا اینڈوسکوپی یونٹ
- کمیونٹی نگہداشت صحت کی خدمات
- الیکٹرو-میڈیکل تشخیصی یونٹ
- جیریاٹک ڈے ہسپتال
- ہیلتھ ریسورس سینٹر
- خصوصی رہائشی وارڈ
- اسپیشلسٹ آؤٹ پیشنٹ ڈیپارٹمنٹ
- رضاکارانہ سروس
- چیپلینسی اور پاسٹورل نگہداشت

## فارمیسی سروس کے اوقات

| |
|---|
| RH (G/F) |
| 24-گھنٹے سروس بمع 04:00 - 03:00 سروس کا وقفہ |

律敦治及鄧肇堅醫院
رتن جی اور تانگ شیو کن اسپتال
266 Queen's Road East, Wanchai, Hong Kong
ویب سائٹ:http://www.ha.org.hk/rtskh

## عمومی قواعد

1. ہسپتال کو صحیح طریقے سے مریض کو رجسٹر کرنے میں سہولت فراہم کرنے کے لئے، براہ کرم رجسٹریشن کے دوران مریض کے پتہ والی دستاویزات پیش کریں جیسا کہ بجلی یا ٹیلیفون کا بل۔ A&E مریض جو رجسٹریشن کے دوران پتہ کا ثبوت فراہم کرنے سے قاصر ہیں اسے فراہم کر سکتے ہیں۔
2. موزوں علاج کے لئے درست شناخت کی یقین دہانی کے لئے، نگہداشت کے عمل کے دوران، ہسپتال میں داخل ہوتے ہوئے نگہداشت صحت مہیا کاروں کی جانب سے ذاتی ڈیٹا کی تصدیق کی جا سکتی ہے۔
3. مریضوں کو مناسب طور پر مخلوط صنفی وارڈ میں داخل کیا جا سکتا ہے۔
4. براہ کرم ہسپتال کی طرف سے لاگو کردہ انفیکشن کنٹرول کے اقدامات کا خیال رکھیں اور تعمیل کریں۔
5. ماسوائے جب تک مریض اختلاف نہیں کرتے، HA ہسپتال، ہسپتال میں آنے والے ملاقاتی افراد پر ممکنہ طور پر مریضوں کا وارڈ/ بیڈ نمبر ظاہر کر سکتے ہیں۔ اگر مریضوں کسی بھی شخص پر اپنے ہسپتال اور وارڈ/بیڈ نمبر کے بارے میں معلومات کو منکشف کرنے پر اعتراض کرتے ہیں، تو براہ مہربانی ہمارے وارڈ کے عملے، گراؤنڈ فلور، ہسپتال کی مین بلڈنگ، رتن جی ہسپتال، پر ایڈمیشن آفس کے عملے کو مطلع کر دیں۔ ہمارے موجودہ نظام کے تحت، اگر آپ افشائیگی کرنے پر اعتراض کرتے ہیں، تو آپ کے ہسپتال میں داخلہ کی حقیقت اور آپ کے وارڈ/بیڈ نمبر دونوں کو ظاہر نہیں کیا جائے گا۔ افسوس کے ساتھ، ہم اس مرحلے پر غیر منکشف کردہ اشیاء کے انتخاب کی اجازت نہیں دے سکتے ہیں۔
6. ہسپتال اور مریضوں کے درمیان ضروری مطلوبہ مواصلت کو استوار کرنے کے لئے، ہم مریض/ رشتہ داروں کو تجویز دیتے ہیں کہ وہ کسی نامزد رابطہ فرد کا فون نمبر مہیا کریں۔ وارڈ کا عملہ نامزد رشتہ دار سے رابطہ کرے گا جب مریض کی حالت میں تبدیلی ہوتی ہے یا جب بھی ضروری ہوا۔
7. براہ کرم مترجم اور ہاتھ سے دستخط کی خدمات کی ضرورت کے لئے نگہداشت صحت کے ماہرین سے رابطہ کریں۔
8. <u>مریض کا ذاتی سامان / قیمتی اشیاء</u>

(a) مریض برائے مہربانی اسپتال اتھارٹی ("HA") کے کسی بھی اسپتال ("ہسپتال") میں داخلہ پر اور داخلے کے دوران ذاتی سامان / قیمتی اشیاء ہمراہ نہ لائیں۔

(b) اسپتال میں داخل ہونے کے دوران مریضوں کو اپنے تمام ذاتی سامان / قیمتی اشیاء کا خیال رکھنا چاہئیے۔ اس طرح کی تمام اشیاء (چاہے وہ مریض کی جانب سے رکھی جائیں یا عارضی طور پر اسپتال کی جانب سے رکھی جائیں) مریض کے کلی خطرہ پر منحصر ہوں گی، اور مریض اتفاق کرتا ہے کہ HA / اسپتال اس طرح کی اشیاء کے کسی بھی طرح کے کھو جانے یا نقصان کا ذمہ دار نہیں ہو گا، جو بھی واقع ہو۔ اس طرح کی تمام اشیاء کو مریض کی جانب سے یا مریض کے لواحقین / جائیداد کے مجوزہ یا اصل ذاتی نمائندہ کی جانب سے بعد ازاں ہٹایا جانا یا جمع کرنا ضروری ہے جب مریض اسپتال میں مزید داخل نہیں رہتا ہے (خارج ہو جانے یا دیگر حالات کی وجہ سے) ("اخراج")۔

(c) اگر مریض کی نقدی کو عارضی طور پر اسپتال کے پاس رکھا جاتا ہے، تو ہسپتال حفاظتی وجوہ کی بنا پر نقدی کو HA کے بینک اکاؤنٹ میں جمع کرا سکتا ہے۔ اتنی ہی نقد رقم (بنا کسی سود کے) مریض کے اخراج پر اس کو واپس کی جائے گی یا مریض کے لواحقین / املاک کے بعد یا املاک کے مجوزہ یا اصل ذاتی نمائندہ کو۔ مریض اتفاق کرتا/کرتی ہے کہ بینک اکاؤنٹ میں نقد رقم سے پیدا ہونیوالا کوئی بھی سود قطعی طور پر HA کی ملکیت ہو گا۔

(d) مریض اتفاق کرتا/کرتی ہے کہ اسپتال میں اس کا تمام ذاتی سامان/ قیمتی اشیاء (بشمول جن اشیاء کو اسپتال میں عارضی طور پر رکھا گیا ہے) انہیں مریض کو ڈسچارج کیے جانے کے تین ماہ بعد تک ہٹایا یا واپس نہیں لیا جاتا ہے تو ان کے بارے میں مریض کی جانب سے ترک کر دیا جانا سمجھا جائے گا اور اسپتال ایسی اشیاء کو بعد میں کسی بھی وقت تلف کر سکتا ہے اور کسی بھی انداز یں جو مناسب سمجھا جاتا ہے، اور ضائع کرنے والے عمل سے رقم (اگر کوئی ہو تو) کو ہسپتال اپنے استعمال کے لئے برقرار رکھ سکتا ہے۔ مریض مزید اس پر اتفاق کرتا/کرتی ہے کہ اگر ایسی چیزیں قابل تلف پذیر، مُضر صحت، ناگوار یا بصورت دیگر کراہیت آمیز ہوں، تو مریض یا مریض کے لواحقین/املاک کے مجوزہ یا حقیقی ذاتی نمائندہ کیلئے بنا کسی نوٹس کے، کسی بھی وقت انہیں اسپتال کی جانب سے تلف کیا جا سکتا ہے اور اسپتال کسی بھی قسم کے کھو جانے یا نقصان کیلئے ذمہ دار نہیں ہو گا۔

(e) مریضوں اور ملاقاتیوں کو ہسپتال میں خطرناک اشیاء نہیں لانی چاہییں۔ ہسپتال میں محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لیے، ہسپتال حفاظت کے مفاد میں خطرناک اشیاء کی جانچ کر سکتا ہے اور جہاں مناسب ہو، انہیں اپنی تحویل میں لے سکتا ہے۔ خطرناک اشیاء میں یہ شامل ہیں:

- ٹوٹنے والی اشیاء، بشمول عینک اور چینی کے برتن
- کٹلری (مثلاً چاقو، قینچی، نیل کٹر، نیل فائل، استرا، یا دیگر نوکیلی اشیاء جیسے سرنج وغیرہ)
- نقصان دہ ادویات، کیمیکل یا مادے
- آتش گیر یا زہریلے مائعات یا مادے
- لائٹر یا ماچس، اور دیگر اشیاء جو مریض یا دوسروں کی

زندگی، صحت اور/یا حفاظت کے لیے خطرہ بن سکتی ہیں

9. بجلی ہسپتال کو خدمات کی ضروریات، بشمول طبی سامان کے استعمال کے لئے فراہم کی جاتی ہے۔ مریضوں اور مہمانوں کو بجلی کی فراہمی کے نظام اور زندگی کی معاونت والے آلات کے کام کرنے میں رکاوٹ سے بچنے کے لئے، نظام میں بنا کسی پیشگی منظوری اس جگہ پر موجود کسی بھی ساکٹ آؤٹ لیٹ میں اپنے برقیاتی آلات جیسا کہ موبائل فونز، لیپ ٹاپ اور چارجر کو منسلک نہیں کرنا چاہئیے۔

10. ہسپتال میں مندرجہ ذیل افعال کی ممانعت ہے:
- ہسپتال کی اجازت کے بغیر کسی ریفرشمنٹ، اشیاء یا سامان کو بیچنا یا فروخت کرنا
- ہسپتال میں پالتو جانور لانے کی اجازت نہیں ہے ماسوائے جو لوگ گائیڈ ڈاگز کے ساتھ آتے ہیں۔
- تمباکو نوشی یا ننگی روشنی کا استعمال
- کسی بھی قسم کا شور جو دوسرے مریضوں کے لئے زحمت کا سبب بنے
- ہسپتال کے کمپاؤنڈ کے اندر جوا کھیلنا

11. رشوت کی روک تھام کے قانون کی دفعات کے ساتھ مطابقت میں، ہسپتال کے عملے کو کسی عوامی اراکین کی جانب سے پیش کردہ کسی بھی فائدہ سے استعفادہ یا اسے قبول نہیں کرنا چاہئیے۔

12. مریضوں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ ہسپتال کے کمپاؤنڈ کو چھوڑ کر نہ جائیں، جب تک کہ کلینیکل عملے کی رضامندی حاصل نہ کر لی جائے۔

13. براہ کرم وارڈ کے عملے کو مطلع کریں اگر داخل کردہ مریض گارڈین شپ کے آرڈرز کے ماتحت ہیں اور سرپرستوں سے رابطہ فراہم کرتے ہیں۔

## کھانے کا وقت

| ناشتہ: | دوپہر کا کھانا: | رات کا کھانا: |
|---|---|---|
| 7:00 بجے صبح | 11:30 بجے دن | 6:00 بجے شام |

(ضیاع سے بچنے کے لئے، براہ مہربانی وارڈ کے عملے کو مطلع کریں اگر خود سے تیار شدہ کھانے کا بندوبست کیا جاتا ہے۔ براہ مہربانی لائے جانیوالے کھانوں کے سلسلوں میں ہدایات پر عمل کریں۔)

## ادائیگی

ہمارے ہسپتال کی ان پیشنٹ فیسیں ڈسچارج کے وقت موبائل ایپلیکیشن “HA Go” (24 گھنٹے)، ادائیگی کیوسک (24 گھنٹے)، ہسپتال شراف (دفتری اوقات) یا ایمرجنسی رجسٹریشن کاؤنٹر (غیر دفتری اوقات) کے ذریعے ادا کی جاسکتی ہے۔ بل کے تصفیہ کے لئے، براہ کرم بل کی عقبی جانب ادائیگی کی ہدایت ملاحظہ کریں۔ کسی بھی استفسار کے لئے، براہ مہربانی ہمارے شروف آفس سے گراؤنڈ فلور پر رابطہ کریں یا 2291 1096 پر کال کریں۔

## ہسپتال کی سہولیات

- ہسپتال کینٹین / وینڈنگ مشینیں
  کینٹین: LG1/F، ہسپتال کی مین بلڈنگ
  وینڈنگ مشینیں: GF اور LG3/F، ہسپتال کی مین بلڈنگ
- 24 گھنٹے سہولت اسٹور
  یہ اسٹور LG3/F، ہسپتال کی مین بلڈنگ میں واقع ہے اور مریضوں کو ڈیلوری سروس فراہم کرتا ہے۔ انکوائری کے لیے، براہ مہربانی 2836 0780 پر کال کریں۔
- بحالی گارڈن
  گراؤنڈ فلور، نزد فارمیسی
- خود کار ٹیلر مشین (اے ٹی ایم)
  LG3/F کے داخلہ، ہسپتال کی مین بلڈنگ
- بیریئر فری رسائی
  نمبر 55 وانچائی روڈ کے قریب دروازے پر لفٹ

## مریضوں کے لیے دیگر خدمات

- طبی ریکارڈز / ڈیٹا تک رسائی
  اگر مریضوں کو میڈیکل ریکارڈ/ڈیٹا تک رسائی کی ایک نقل دیکھنے کی ضرورت ہے یا درخواست کرتا ہے، تو براہ کرم LG1/F، ہسپتال کی مین بلڈنگ میں واقع ہمارے میڈیکل ریکارڈ ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ کریں۔
- غیر ہنگامی ایمبولینس ٹرانسپورٹ کی سروسز (NEATS)
  براہ مہربانی متعلقہ وارڈ پر عملہ سے رابطہ کریں۔
- سماجی بہبود کی خدمات
  برائے مہربانی LG1/F، ہسپتال کی مین بلڈنگ میں واقع میڈیکل سوشل ورک ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ کریں۔ ٹیلیفون: 2291 1065 / 1052, فیکس: 2836 6706
- 24-گھنٹے استفسار ہاٹ لائن
- براہ کرم متعامل آواز کے ردعمل کے نظام کے لئے 2291 2222 پر کال کریں

## ذاتی ڈیٹا (رازداری) آرڈیننس

تفصیلات کے لئے برائے مہربانی داخلہ کاؤنٹر پر شائع کردہ "نوٹس برائے مریض" سے رجوع کریں۔

## تعریف اور رائے

اگر آپ کے پاس کوئی تعریف یا رائے ہے تو براہ کرم

1. تعریف /رائے کا فارم بھر کر ہسپتال میں رکھے گئے باکس میں ڈالیں .
2. آن لائن فارم پُر کریں

| تعریف & رائے کا فارم (ہاسپٹل اتھارٹی) | تعریفی فارم (رتن جی & تانگ شیو کِن اسپتال) |
|---|---|

3. پیشنٹ ریلیشنز آفیسر سے 1/F، ایڈمنسٹریشن بلڈنگ، رتن جی اسپتال پر یا ہاٹ لائن 2291 2020 یا درج ذیل ای میل پر رابطہ کریں: Rtskh_pro@ha.org.hk

## “HA Go” موبائل ایپلیکیشن

HA Go کے ساتھ، عوام اپنے یا اپنے خاندان کے افراد کی صحت کی معلومات تک رسائی اور اس کا انتظام کر سکتے ہیں۔

"تبصرے: اگر اردو ورژن اور انگریزی ورژن کے مابین کسی بھی قسم کی بے ربطگی پائی جاتی ہے، تو انگریزی ورژن غالب تصور ہو گی۔